سوال

(452) بیوی کا خاوند سے ظہار کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب بیوی اپنے شوہر سے ظہار کرے تو کیا یہ ظہار شمار کیا جائے گا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصحاب حنابلہ نے بیوی کو اس پر ظہار کا کفارہ واجب ہونے میں تو شوہر پر قیاس کیا ہے مگر ظہار کے واجب ہونے میں اس پر قیاس نہیں کیا۔ یہ ایک ایسا قیاس ہے جو متناقض بھی ہے اور قرآن کے ظاہر کے خلاف بھی بلاشبہ قرآن میں ذکر ہونے والے کفارے کا حکم اس ظہار پر لگتا ہے جو خاوند بیوی سے کرے۔ امام احمد رحمة اللہ علیہ سے ایک دوسری صحیح روایت اسی موقف کی تائید میں مروی ہے۔ (السعدی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 388

محدث فتویٰ